بینک دولت پاکستان
شعبہ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 21 برائے 2018ء — 21 نومبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،
تمام مجاز ڈیلرز برائے زرمبادلہ

محترم / محترمہ،

ڈیوٹی ڈرابیک آف ٹیکسز آرڈر 21-2018ء (ٹیکسٹائل)

وزارتِ تجارت اور ٹیکسٹائل، ٹیکسٹائل ڈویژن نے بذریعہ اعلامیہ نمبر 1(42-B)TID/18-TR-II، بتاریخ 3 اگست 2018ء ایک حکم نامہ بعنوان "ڈیوٹی ڈرابیک آف ٹیکسز آرڈر 21-2018ء" جاری کیا ہے، جس کا مقصد اعلامیے میں درج مجاز مصنوعات پر برآمد کنندگان سے وصول شدہ ٹیکسوں پر انہیں ڈیوٹی کے ڈرابیک کی فراہمی ہے۔

2۔ اس سلسلے میں حکم نامے پر عملدرآمد کی غرض سے دعویٰ جات جمع کرانے کا طریقہ منسلک ہے، جس کے لیے ضروری اقدام اور مکمل تعمیل کی جائے۔

3۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بابت اپنے تمام متعلقین کو آگاہ کر دیں۔

منسلکات:

(1) ڈیوٹی ڈرابیک آف ٹیکسز آرڈر 21-2018ء (ٹیکسٹائل)
(2) دعوے درج کرانے کا طریقہ کار

آپ کا مخلص

(ارشد محمود بھٹی)
ڈائریکٹر